**03-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ**

**پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں**

**------------------------------------------------------------**

**1- وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں سے سودیشی کے جذبے کو اپنانے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ وہ مقامی طور پر بنائی گئی مصنوعات کو خریدیں۔**

**2- انتخابی کمیشن نے ووٹر فہرستوں کی تیاری اور نظر ثانی کے عمل میں شامل بوتھ لیول کے افسروں اور BLO سُپروائزر کی اُجرت کو دوگنا کر دیا ہے۔**

**3- NEET PG 2025امتحان آج ایک ہی شفٹ میں منعقد ہو رہے ہیں۔**

**4- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج، مغربی بنگال، سکّم، میگھالیہ اور اروناچل پردیش میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔**

**5- اور قزاقستان میں 2025، Qosanov Memorialمیں بھارت کے Murali سری شنکر نے مردوں کے لانگ جمپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔**

**(Music)**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**PM Varanasi**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے، شہریوں سے سودیشی کے جذبے کو اپنانے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ وہ مقامی طور پر تیار کی گئی مصنوعات خریدیں۔ اترپردیش کے وارانسی شہر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کے لیے سچّی خدمت اس بات پر منحصر ہوگی کہ عالمی سطح پر معیشت کی غیر یقینی کی صورتحال کے پیشِ نظر ملک میں تیار کردہ سازوسامان کو فروغ دیا جائے۔**

**S/B - PM Vocal For Local**

**وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے جا رہا ہے اور اُسے اپنے معاشی مفادات خاص طور پر کسانوں اور چھوٹی صنعتوں کی بہبود کو ترجیح دینی چاہیے۔**

**انہوں نے شہریوں اور تاجروں سے اپیل کی کہ وہ مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے طور پر آئندہ فیسٹیول سیزن کے دوران بھارت میں بنی مصنوعات کو اپنائیں۔**

55منٹ کی اپنی تقریر میں وزیر اعظم نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کی پُر عزم کارروائی کو بیان کرنے کے لیے بھگوان شیو کے رُدر روپ کا حوالہ دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ آپریشن سِندور کے دوران دنیا نے بھارت میں تیار کردہ ہتھیاروں کی صلاحیتوں کو دیکھ لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے فضائی دفاعی نظام، میزائلیں اور ڈرونز نے آتم نربھر بھارت یا خود کفیل بھارت کی قوت کو ثابت کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ برہموز میزائلوں نے بھارت کے دشمنوں میں ڈر و خوف کا احساس پیدا کر دیا ہے۔

**S/B - PM on Brahmos**

جناب مودی نے آپریشن پر سوال اٹھانے کے لیے اپوزیشن پارٹیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور اُن پر الزام لگایا کہ وہ اس آپریشن کو تماشا بتا کر بھارت کی مسلح افواج کی بہادری اور شجاعت کو کی بے قدری کر رہے ہیں اور ووٹ بینک کی سیاست میں مصروف ہیں۔

وزیر اعظم نے وارانسی میں تقریباً 2 ہزار 200 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور اُن کا افتتاح کیا۔ جناب مودی PM-Kisan اسکیم کی 20 ویں قسط بھی جاری کی، جس سے پورے بھارت میں 9 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ کسانوں کو 20 ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم منتقل ہوئی۔

وزیر اعظم نے کسانوں کی آمدنی کو بڑھانے، کسانوں کی کھیتی کی لاگت کو کم کرنے اور کسانوں کی معیاری زندگی کو اوپر اٹھانے کے حکومت کے عزم پر بھی زور دیا۔

**Remuneration BLOCs**

انتخابی کمیشن نے ووٹر فہرستوں کی تیاری اور نظرِ ثانی کے عمل میں شامل بوتھ لیول آفیسرز BLOsاور BLO سپروائزرس کی اجرت کو دوگنا کر دیا ہے۔ ایک بیان میں، چناؤ کمیشن نے بتایا کہ نظرِ ثانی شدہ اجرت کے مطابق BLOs کی سالانہ اجرت چھ ہزار روپے سے بڑھا کر بارہ ہزار روپے کر دی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ، ووٹر فہرستوں کی نظرثانی کے عمل میں شامل بوتھ لیول آفیسرز کو دی جانے والی رقم ایک ہزار روپے سے بڑھا کر دو ہزار روپے کر دی گئی ہے۔

انتخابی عمل کی نگرانی میں اہم کردار ادا کرنے والے بی ایل او سپروائزرس کو اب سالانہ 12 ہزار روپے کی جگہ 18 ہزار روپے دیے جائیں گے۔ انتخابی کمیشن نے پہلی مرتبہ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز EROs اور معاون الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز AEROsکے لیے بھی اعزازیہ فراہم کیا ہے۔

الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز کو 30 ہزار روپے جبکہ معاون الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز کو 25 ہزار روپے دیے جائیں گے۔

چناؤ کمیشن نے بہار سے شروع ہونے والی ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرِ ثانی مہم کے لیے بوتھ لیول آفیسرز کو چھ ہزار روپے کی خصوصی ترغیبی رقم کی بھی منظوری دی ہے۔x

**EC SIR BIHAR**

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں مسودہ ووٹر فہرست کے شائع ہونے سے پہلے 24 گھنٹے کے اندر کسی بھی سیاسی پارٹی کی طرف سے کوئی دعویٰ یا اعتراض درج نہیں کیا گیا ہے۔

کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تمام سیاسی پارٹیوں نے مشترکہ طور پر اہل رائے دہندگان کے ناموں کو جوڑنے اور نااہل رائے دہندگان کے ناموں کو ہٹانے پر نہ تو کوئی دعویٰ کیا ہے اور نہ ہی کسی قسم کی اعتراض کا اظہار کیا ہے۔

انتخابی کمشن نے خصوصی نظر ثانی SIR 2025 کے تحت ذاتی معلومات داخل کرنے سے متعلق مرحلے کے اختتام کے بعد بہار کے لئے ووٹر فہرست کا مسودہ جاری کیا تھا۔ اُس نے کہا کہ عوام کی پاس دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کے لئے ایک مہینے کا وقت ہے اور اس بات کی یقین دہائی کی ہے کہ بغیر کسی جواز کے ووٹر فہرست کے مسودے سے کسی کا نام ہٹایا نہیں جائے گا۔

سبھی 243 اسمبلی حلقوں اور 90 ہزار 712 پولنگ بوتھوں پر مشتمل ڈرافٹ لسٹ ریاست بھر کے 38 ڈسٹرکٹ الیکشن افسروں کے ذریعہ سبھی سیاسی پارٹیوں کو بھیجی گئی ہے۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**FESSAI Ayurveda Aaharaُ**

خوراک کی حفاظت اور معیارات سے متعلق بھارتی اتھارٹی FSSAI نے آیوش کی وزارت کے ساتھ مشاورت کرتے ہوئے آیوروید AAHARA کے زمرے کے تحت آیورویدک کھانے کی تیاریوں کی ایک حتمی فہرست جاری کی ہے۔ یہ اہم قدم 2022 میں خوراک کی حفاظت اور معیارات آیور وید AAHARA ضابطوں کے متعارف ہونے کے بعد، بھارت کی آیورویدک خوراک کی حکمت کو مرکزی دھارے میں شامل کرتا  ہے۔ ایک رپورٹ:-

**V/C-SANYUKTA**

یہ ضابطے مستند آیورویدک متون سے ترکیبوں، اجزاء اور عمل پر مبنی کھانوں کو پہچانتے ہیں۔ نئی فہرست صارفین اور کاروبار کے لیے بے مثال وضاحت اور اعتماد پیدا کرتی ہے۔ اس اقدام کا مقصد آیوروید Aahara پروڈکٹس تیار کرنے کے لیے ایک واضح اور معتبر حوالہ فراہم کرتے ہوئے فوڈ بزنس آپریٹرز کی مدد کرنا ہے۔

آیوش کے وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی روزمرہ کی زندگی میں آیوروید آہار کو صحت کے فوائد کے لیے شامل کریں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وقت کی کسوٹی پر کھری اتری یہ مقوی غذا نہ صرف جسم کی پرورش اور پرداخت کرتی ہے بلکہ قوتِ مدافعت، ہاضمے کے نظام کو بھی مستحکم کرتی ہے اور مجموعی طور پر تندرستی اور صحت مندی کو فروغ دیتی ہے۔

یہ اقدام صنعت کے شراکت داروں کے لیے ضابطوں سے متعلق وضاحت میں اضافہ کرنے اور صحت عامّہ کے بہتر نتائج کے لیے آیوروید پر مبنی تغذیہ کو بڑے پیمانے پر اپنانے کو فروغ دینے کے لیے ایک بیحد اہم لمحہ ہے۔x

Sanyuktaکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

## NEET Exam

NEET PG 2025امتحان آج منعقد کیا جائے گا۔ تقریباً 2 لاکھ 50 ہزار میڈیکل گریجویٹس ایک ہی شفٹ میں صبح نو بجے سے دوپہر ساڑھے بارہ بجے تک ہونے والے امتحان میں شامل ہوں گے۔ نیشنل بورڈس آف ایگزامنیشنز اِن میڈیکل سائنسز NBEMS کے ذریعے منعقدہ امتحان MD/MSاور دیگر پوسٹ گریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلے کے لیے کمپیوٹر پر مبنی ہوگا۔

امیدوار صبح سات بجے سے امتحان مرکز میں داخل ہو سکتے ہیں۔ امتحان مرکز میں داخلہ صبح ساڑھے آٹھ بجے بند ہوجائے گا۔ NBEMS کے مطابق امیدواروں کو وقت سے پہلے امتحان مرکز پہنچنا چاہیے اور امتحان مرکز میں داخلے کے مقام سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے۔

امیدواروں کو یاد رکھنا چاہیے کہ وہ اپنے تمام ضروری دستاویزات ساتھ لائیں۔ ضروری دستاویزات نہ ہونے کی صورت میں انہیں امتحان مرکز میں داخل ہونے سے روکا جا سکتا ہے۔x

## Rev. Ashwini Vaishnaw

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو آج بھاؤ نگر ریلوے اسٹیشن سے بھاؤ نگر-ایودھیا کینٹ ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے، جو ہفتے میں ایک بار چلے گی۔ وہ دیگر دو ٹرینوں کا بھی ورچوئل طور پر افتتاح کریں گے، جن میں ایک ٹرین Rewa اور پونے کے درمیان اور دوسری جبل پور اور رائے پور کے درمیان چلے گی۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل، مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو اور چھتیس کے وزیر اعلیٰ وِشنو دیو سائی کے علاوہ مرکزی وزراء منسکھ مانڈویا اور Nimu Ben Bamaniya بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔

جناب ویشنو، جو گجرات کے ایک دن کے دورے پر ہیں، APPCکنٹینر یارڈ کا بھی دورہ کریں گے اور بھاؤ نگر میں وِکاس بھارت ڈائیلاگ پر ایک عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ نئی ٹرینوں کے چلنے سے گجرات، راجستھان، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور مہاراشٹر سمیت کئی ریاستوں کو فائدہ ہوگا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

## V/C - Aparna Khunt

ہفتے میں ایک بار چلنے والی بھاؤ نگر-ایودھیا کینٹ ایکسپریس ٹرین 11 اگست سے دن میں ایک بجکر 50 منٹ پر ہر پیر کو بھاؤ نگر ٹرمنس سے روانہ ہوگی۔ یہ ٹرین اگلے دن شام 6 بجکر 30 منٹ پر ایودھیا کینٹ پہنچے گی۔ یہ ٹرین بھاؤ نگر، سریندر نگر، Mahesana، ابوروڈ، مارواڑھ جنکشن، اجمیر جنکشن، جے پور جنکشن، کانپور سینٹرل اور لکھنؤ کے علاوہ دیگر اسٹیشنوں پر رُکے گی۔

اَپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

## Gadkari Infra Led Economy

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سرکار بنیادی ڈھانچے کی قیادت میں اقتصادی ترقی پر زور دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وژن کی وجہ سے قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI کے تحت قومی شاہراہوں کی لمبائی 120 فیصد بڑھ گئی ہے۔ 2014 میں یہ 4,000 کلومیٹر سے بڑھ کر 2025 میں 8,700 کلومیٹر ہو گئی ہے۔

آندھرا پردیش کے منگلاگیری میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب گڈکری نے اجاگر کیا کہ سڑک کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری کی وجہ سے لاجسٹکس اخراجات 16 فیصد سے کم ہو کر 10 فیصد رہ گئے ہیں۔

S/B- 0815 Gadkari Road  INFRA

## Independence Day Delhi Police

یومِ آزادی کی تقریبات سے قبل، دلّی پولیس نے شہر میں احتیاط کے طور پر سکیورٹی اقدامات کو ذہن میں رکھتے ہوئے اس ماہ کی 16 تاریخ تک قومی راجدھانی میں ذیلی روایتی ہوائی پلیٹ فارمز کی پروازوں کو ممنوع کر دیا ہے۔

اس سلسلے میں کل دلّی پولیس کے کمشنر SBK سنگھ کی طرف سے ایک حکم نامہ جاری کیا گیا ہے۔ اس حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ کچھ ایسی اطلاعات ملی ہیں کہ کچھ جرائم پیشہ لوگ، سماج دشمن عناصر یا بھارت کے دشمن دہشت گردوں، پیرا گلائیڈرس، پیرا موٹرس، ہینگ گلائیڈرس، UAVاور غیر انسانی طیارہ نظام، مائیکرو لائٹ طیاروں، ہاٹ ایئرBalloons ، چھوٹے سائز کے طاقتور طیارے، Quadکوپٹرس یا طیاروں سے پیرا جمپنگ کے ذریعے ذیلی روایتی ہوائی پلیٹ فارمز کا استعمال کر کے عام لوگوں، معزز شخصیتوں اور اہم تنصیبات کی سلامتی کے لیے خطرہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قومی راجدھانی کے حدود میں اس طرح کے ایرئل پلیٹ فارم کی پروازیں بھارتیہ نیائے سنہیتا کی دفعہ 323 کے تحت قابلِ سزا مانی جائے گی۔×

## IMD Rainfall

بھارتی محکمۂ موسمیات نے مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے، سکم، میگھالیہ، اروناچل پردیش میں آج انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق آج تمل ناڈو، کیرالہ اور بہار میں بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ IMDنے جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، شمال مشرقی راجستھان، اتراکھنڈ اور مشرقی اترپردیش کے علاقوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش کے تین ضلعوں، مشرقیKameng ، Papum Pareاور مغربی Siang کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اِن ضلعوں میں الگ الگ مقامات پر

گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ خاص طور پر Papum Pare ضلعے کے کچھ علاقوں میں 20 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش ہو سکتی ہے۔

مذکورہ ضلعوں کے لیے ریڈ الرٹ کے علاوہ پانچ دیگر ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ، جبکہ باقی ضلعوں کے لیے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

دلّی NCR علاقوں میں بھی آج صبح سویرے بارش ہوئی۔ IMD نے قومی راجدھانی خطے میں آج گرج چمک کے ساتھ اوسط بارش ہونے اور آسمان ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Bihar Museum Biennale

بہار میں، دنیا بھر میں مشہور Bihar Museum Biennale 2025 کا تیسرا ایڈیشن 7 اگست کو ہفتہ میں منعقد ہوگا، جس کا طویل عرصے سے انتظار کیا جا رہا تھا۔

Bihar Museumکی ڈائریکٹر جنرل Anjani Kumar Singh نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ” Biennale 2025 عالمی خطۂ جنوب: تاریخ کا اشتراک“ کے موضوع پر مرکوز رہے گا، جس کے ذریعہ اور ایشیائی ممالک کی ثقافت، وراثت اور سماج کو گہرائی سے سمجھنے کا موقع فراہم ہوگا۔

S/B Anjani Kumar Musuem.

## Iran AIrspace

ایران نے اپنے فضائی حدود پر لگی باقی سبھی پابندیاں ہٹا لی ہیں، جو اس سال جون میں اسرائیل کے ساتھ 12 دن کی اُس کی لڑائی کے پیشِ نظر عائد کر دی گئی تھیں۔ ایران کی شہری ہوابازی کے ادارے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ گھریلو اور بین الاقوامی پروازوں کی آمدورفت پھر سے جنگ سے پہلے کی سطح پر شروع ہو جائیں گی۔ اُس نے اس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ تہران کے محرآباد بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر پھر سے 24 گھنٹے پروازوں کی آمدورفت شروع ہو جائے گی۔

ایرانی فضائی حدود کو دوبارہ مرحلے وار پھر سے کھولنے کا عمل 26 جون کو شروع ہوا تھا۔ محرآباد کو چھوڑ کر ہوائی اڈّوں پر بتدریج معمول کی پروازیں دوبارہ شروع ہو گئی ہیں۔ ایران نے تہران اور دیگر علاقوں میں اسرائیل کی فضائی کارروائیوں کے بعد 13 جون کو ابتدا میں اپنی فضائی حدود کو بند کر دیا تھا۔×

## Long Jump Gold

قزاخستان میں 2025 کے Qosanov Memorial میں مردوں کے لانگ جمپ میں بھارت کے مرلی Sreeshankar نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ Sreeshankar نے، اپنی پہلی کوشش میں 7 اعشاریہ نو چار میٹر کی بہترین کوشش کرتے ہوئے ایک ریکارڈ بنایا اور سونے کا تمغہ حاصل کیا، Sreeshankarجو حال ہی میں زخمی ہو گئے تھے، صحتیاب ہونے کے بعد مقابلے میں واپسی کی ہے۔ فلپنز کے Janry Ubas نے 7 اعشاریہ پانچ تین میٹر سے مقابلہ جیت کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا اور آزربائیجان کے ناظم Babyev نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔×

## Cricket

لندن کے اوول میدان میں جاری اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کے آج چوتھے دن میزبان انگلینڈ بھارت کے خلاف اپنی دوسری اننگ پھر سے شروع کرے گا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارت نے جیت کے لیے 374 رن کا نشانہ رکھا۔ انگلینڈ نے کل تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے پر ایک وکٹ کے نقصان پر 50 رن بنا لیے تھے۔

اس سے پہلے دن میں یشسوی جیسوال کے شاندار 118 رن اور آکاشدیپ کے علاوہ آل راؤنڈر روِندر جڈیجا اور واشنگٹن سُندر کی نصف سنچریوں کی بدولت بھارت نے دوسری اننگز میں کُل 396 رن بنائے۔ انگلینڈ کی طرف سے Josh Tongue نے پانچ وکٹ جبکہ Gus Atkinson نے تین وکٹ حاصل کیے۔

بھارت پہلی اننگز میں 224 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی تھی، جس کے بعد انگلینڈ اپنی پہلی اننگز میں 247 رن پر آؤٹ ہو گئی۔ انگلینڈ کو میچ جیتنے کے لیے 324 رن بنانے ہیں۔ بھارت سیریز برابر کرنے کا منتظر ہے اور اس وقت ایک-دو سے پیچھے چل رہا ہے۔×

## Wrestling

کُشتی میں، بھارت کے Lacky نے کل یونان کے ایتھنز شہر میں 17 سال سے کم عمر کے پہلوانوں کی عالمی چیمپئن شپ میں مردوں کے 110 کلو گرام فری اسٹائل مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ لیکی، Magomedrasul Omarov چار-چھ پوائنٹ سے ہارنے کے بعد سونے کا تمغہ نہ جیت سکے۔ اسی دوران بھارت کے ستندر مردوں کے 60 کلو گرام فری اسٹائل کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ ستندر نے سیمی فائنل میں قزاقستان کے Bekassyl Assambek پر ایک کے مقابلے 5 پوائنٹ سے جیت حاصل کی۔ دوسری جانب بھارت کے گورَو پونیہ، ایران کے Morteza کے خلاف مردوں کے 65 کلو گرام فری اسٹائل میں ہارنے کے بعد کانسے کے تمغے سے محروم رہ گئے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج زیادہ تر اخبارات نے وزیر اعظم کے وارانسی دورے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روز نامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے-"وزیر اعظم کا وارانسی دورہ، ترقیاتی اسکیموں کا افتتاح وسنگ بنیاد، کسان سمان ندھی کی 20ویں قسط جاری۔

وہیں روزنامہ ملاپ کی شہ سرخی ہے۔"وزیر اعظم مودی مہاتما گاندھی کی راہ پر، عوام سے سودیشی چیزیں اپنانے کی اپیل کی"

روزنامہ پرتاپ نے بارڈر روڈ آرگنائیزیشن (BRO) کی جانب سے ڈوکلام کے قریب سڑک بنانے کی خبر کو صفحہء اول پر شائع کیا ہے۔ BRO نے کہا کہ اس سے ایل اے سی کے قریب فوج کی طاقت بڑھے گی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے الیکشن کمیشن کی جانب سے بہار میں پولنگ بوتھ افسران (بی ایل او) اور ان سے منسلک عملے کے اعزازیہ میں تمایاں اضافہ کرنے کے فیصلے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

عالمی خبروں کے صفحے پر روزنامہ انقلاب کی خبر ہے۔

"جاپان میں جولائی کا مہینہ مسلسل تیسرے سال گرم ترین رہا"

راشٹریہ سہارا کی کچھ اہم خبر ہیں ہے۔

* کولمبیا کے سابق صدر اوربیے کو 12 سال نظر بندی کی سزا۔

* اسرائیلی حملے میں ایک دن میں مزید 106 فلسطینی شہید۔

* انڈونیشیا میں قومی اتحاد کیلئے سیکڑوں سیاسی قیدی رہا کرنے کا حکم۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں سے سودیشی کے جذبے کو اپنانے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ وہ مقامی طور پر بنائی گئی مصنوعات کو خریدیں۔

2- انتخابی کمیشن نے ووٹر فہرستوں کی تیاری اور نظر ثانی کے عمل میں شامل بوتھ لیول کے افسروں اور BLO سُپروائزر کی اُجرت کو دوگنا کر دیا ہے۔

3- NEET PG 2025امتحان آج ایک ہی شفٹ میں منعقد ہو رہے ہیں۔

4- بھارت کے محکمہٗ موسمیات نے آج، مغربی بنگال، سکّم، میگھالیہ اور اروناچل پردیش میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5- اور قزاقستان میں 2025، Qosanov Memorialمیں بھارت کے Murali سری شنکر نے مردوں کے لانگ جمپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------